राष्ट्रीय उर्दू भाषा विकास परिषद्

قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان

Tel: No.: 011-49539000
Fax No.: 011-49539099

Website.: www.urducouncil.nic.in
E-mail.:publicrelation.ncpul@gmail.com
: urduduniyancpul@yahoo.co.in

National Council for Promotion of Urdu Language
Ministry of Education, Department of Higher Education
Government of India

فروغ اردو بھون
Farogh-e-Urdu Bhawan
FC-33/9, Institutional Area
Jasola, New Delhi-110025

Dated: 11/10/2021

اردو زبان اپنی شیرینی کی وجہ سے پوری دنیا میں مقبول ہورہی ہے: پروفیسر شیخ عقیل احمد

قومی اردو کونسل میں ابوظہبی میں مقیم ادیب وشاعر جناب جاوید صدیقی اور مشہور صحافی ڈاکٹر سلیم خان کی آمد پر استقبالیہ تقریب

نئی دہلی: موجودہ دور میں اردو زبان کی محبوبیت کا دائرہ روز بروز پھیل رہا ہے اور برصغیر ہندو پاک کے علاوہ دنیا کے دیگر ممالک میں بھی اس کی مقبولیت بڑھ رہی ہے۔ ان خیالات کا اظہار قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان کے ڈائریکٹر پروفیسر شیخ عقیل احمد نے ابوظہبی سے تشریف لائے مشہور شاعر جناب جاوید صدیقی اور مشہور فکشن نگار وصحافی ڈاکٹر سلیم خان کے اعزاز میں منعقد استقبالیہ تقریب میں کیا۔ انھوں نے کہا کہ خاص طور پر خلیجی ممالک میں اردو زبان کے تئیں لوگوں میں غیر معمولی محبت اور دلچسپی پائی جاتی ہے اور جب ہم وہاں کسی سمینار یا پروگرام میں جاتے ہیں تو اردو کے پرجوش محبین کو دیکھ کر بے انتہا مسرت ہوتی ہے۔ شیخ عقیل احمد نے جناب جاوید صدیقی کا تعارف پیش کرتے ہوئے کہا کہ موصوف ایک بہترین شاعر ہیں اور ابوظہبی میں ادبی وثقافتی مجلسوں کے انعقاد میں پیش پیش رہتے ہیں، ان جیسے اردو کے بے لوث خادموں کی بدولت ہی غیر اردو خطوں میں اردو کا چراغ روشن ہے۔ انھوں نے ڈاکٹر سلیم خان کی ادبی وصحافتی سرگرمیوں کی ستائش کی اور کہا کہ تازہ ترین موضوعات پر ان کے تجزیے اور تخلیقات قابل قدر ہوتی ہیں۔ معزز مہمانوں نے قومی کونسل کے ڈائریکٹر کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ پروفیسر شیخ عقیل احمد کی سربراہی میں کونسل اردو زبان کی گراں قدر خدمات انجام دے رہی ہے۔ اس موقعے پر ایک مختصر شعری نشست بھی ہوئی جس میں جناب جاوید صدیقی نے سامعین کو اپنی غزلیں سنائیں۔ ان کے علاوہ ڈاکٹر عبدالرشید اعظمی، جناب منیر انجم، ڈاکٹر یوسف رامپوری، محترمہ آبگینہ عارف اور جناب محمد انصر نے بھی اپنے اشعار سے حاضرین کو محظوظ کیا۔

(رابطہ عامہ سیل)